1989ء سے مسلسل اشاعت | 6 تا 12 دسمبر 2024 | شمارہ نمبر 49 | جلد نمبر 36

ہفت روزہ

بانی: محمد رؤف

# پیپر بزنس کراچی

پیپر، پیپر بورڈ اور اسٹیشنری کے مینوفیکچررز، انڈنٹرز، امپورٹرز و ایکسپورٹرز، ٹریڈرز، پرنٹرز، سپلائرز اور پرنٹنگ کی صنعت سے وابستہ اداروں کے درمیان رابطہ کا پاکستان کا واحد باقاعدہ تصدیق شدہ پہلا تجارتی جریدہ

MC - 547 Price Rs. 100/-

**FAIR TRADE (Pvt) Limted**

A Trusted & Reliable Name for Geniune Trading of Paper & Board

Serving Since 1975

| Distributors | Importers |
|---|---|
| Flying Paper | Offset Paper |
| Bulleh Shah ( Packages ) | Bleached Board |
| Crown ( Fazal Paper ) | Art Card |
| Chenab ( A.K Ind. ) | |

4, Muhammadi Terrace, Tayyebji Road, Karachi.
Ph: 021-32625600 - 32625633 , Fax: (92-21) 32621614
Whatsapp: 0334-0209809, Email: fairtrade1961@gmail.com

IBM™

ISO 9001: 2015
International Business Management
CERTIFIED

PT. PABRIK KERTAS TIJWI KIMIA TBK

ART PAPER NEVIA

NINGBO FOLD Little Star Bleach Board

Pindo deli paper products

Indah Kiat Pulp and Paper Products

SINAR

VERITAC SELF ADHESIVE STICKER PAPER

Brands of the year Award 2010

Brands of the year Award 2011-2012

111-IBM-PAK
Please Contact For Booking

First Floor, Darul Hina Building Tayabjee Road, Near Burhani Hospital Karachi.. 74200
PAKISTAN. Ph: +92-2132627061 Fax # 92-21-32629786 UAN: 111-426-725
Email: saleem.bikiya@ibmpak.com website: www.ibmpakistan.com

BMP

بزنس مین پینل

محمد سلیم بیکیا
چیئرمین





BMG

بزنس مین گروپ

خامس سعید بٹ
گروپ لیڈر

کراچی و لاہور میں خدمت کے 13 سال

جناب محمد سلیم بیکیا اور جناب خامس سعید بٹ کی قیادت پر ملک بھر کے پیپر مرچنٹس کا اعتماد

کل بھی تھا ۔ آج بھی ہے اور آئندہ بھی رہے گا







Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725

# HI-KOTE®

金海浆纸
JINHAI PULP & PAPER

## Features

- Wood free coated paper with smooth matt surface
- Excellent thickness
- Superior in elegant printing requirement
- Blue-white color shade and high brightness
- High opacity
- Good printing brilliance
- Fast ink set

## Specifications

HO-KOTE C2S Matt

| Item | Unit | Test Method Reference | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Basis Weight | $g/m^2$ | ISO536 | 90 | 100 | 105 | 115 | 120 | 128 | 130 | 150 | 157 | 170 | 200 | 250 | 300 |
| Thickness | um | ISO534 | 78±4 | 84±4 | 90±4 | 100±4 | 104±4 | 110±4 | 111±4 | 128±4 | 140±4 | 153±4 | 180±4 | 250±7 | 286±8 |
| Brightness | %ISO | ISO2470 | 88-91 | | | | | | | | | | | | |
| Opacity | % | ISO2471 | 89-92 | 92-95 | 92-95 | 93-96 | 93-96 | 94-97 | 94-97 | 96-99 | 96-99 | 97-100 | 97-100 | 97-100 | 97-100 |
| Roughness | um | ISO8791/4 | ≤2.7 | | | | | | | | | | | ≤2.5 | |
| Gloss | % | T480 | 32±5 | | | | | | | | | | | 30±5 | |

Remark: Above are average values.

## Applications

- Publishing and commercial Printing

Our Quest Superiority has Made us Professional CAUSE WE ARE PAPERLINE LINE OF PROFESSSIONALISM

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010

Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS

Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012

IBM™

ISO 9001:2015 CERTIFIED

### FOR BOOKING CONTACT


INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

First ISO 9001-2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital,
Karachi UAN: 111-IBM-PAK
ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, Website:www.ibmpakistan.com


A QUALITY PRODUCT BY

APP

WWW.ASIAPULPPAPER.COM
Produced By
PT.Indah Kiat Pulp & Paper Tbk




Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725

# tjiwi kimia
paper products
www.tjikimia.co.id

# PAPER THAT WORKS EVERYDAY



## ART PAPER
- 2/S COATED ART PAPER
- SINAR BRAND

EnOva SINAR



## PHOTOCOPY PAPER
- PAPERLINE GOLD
- INTEGRITE
- PAPERLINE
- AONE
- EXCELPRO

GOLD ExcelPro PAPERLINE a1ne



## WOODFREE PAPER
- SINAR ROYAL WHITE WOODFREE PAPER
- EXTRAPRINT PAPER PLUS
- WOODFREE BLUISH WHITE PAPER

EXTRAPRINT pplus srw



## SPECIALTY & CARBONLESS PAPER
- CONCORDE CAST COATED PAPER/BOARD
- FOOPAK GRASEPROOF PAPER
- ENZA KRAFT PAER

Impressions Ellustra DRAWING PAPER enza foopak CONCORDE



## QUALITY STATIONERY ITEMS
- SINARLINE OFFICE & STATIONERY PRODUCTS MAKE YOUR BUSY SCHEDULE ALL IN ORDER!

SINARLINE



## OTHER PRODUCTS
- OFFSET PRINTING PAPER
- SINAR BLUISH WHITE
- PAPER PLUS
- 1/S CAST COATED BOARD/PAPER
- RECYCLED PAPER
- SINAR BLUISH WHITE
- WOODFREE PAPER

paperplus

## FOR BOOKING CONTACT

IBM
ISO 9001: 2015 CERTIFIED

### INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

First ISO 9001-2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital, Karachi UAN:111-IBK-PAK
Ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, Website:www.ibmpakistan.com

Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012





Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725

1989 سے مسلسل اشاعت weeklypaperbusiness.com

ہفت روزہ

بانی: محمد رؤف

# پیپر بزنس کراچی

پیپر، پیپر بورڈ اور اسٹیشنری کے مینوفیکچررز، انڈنٹرز، امپورٹرز، ایکسپورٹرز، ٹریڈرز، پرنٹرز، سپلائرز اور پرنٹنگ کی صنعت سے وابستہ اداروں کے درمیان رابطے کا پاکستان کا واحد باقاعدہ تصدیق شدہ پہلا تجارتی جریدہ

اشاعت بروز جمعۃ المبارک

صفحات: 24 رنگین 16 عمومی

رابطہ آفس: A-144 بھایانی شاپنگ سینٹر، بلاک M، نارتھ ناظم آباد، بالمقابل فاروق اعظم مسجد، کراچی۔ فون: 0308-2933229

weeklypaperbusiness@gmail.com

**چیف ایڈیٹر:**

محمد رؤف



**ایڈیٹوریل بورڈ:**

پبلشر و ایگزیکٹو ایڈیٹر: حرا رؤف

اسسٹنٹ ایڈیٹر: نعمان علی

پیج میکنگ و ڈیزائننگ: عمران صدیقی

سوشل میڈیا مارکیٹنگ: سمیر انصاری

معاون: عدنان انصاری

**پبلشرز:** حرا رؤف نے پرنٹر عبدالغیور، ٹارگٹ پرنٹرز، 14 بتول مارکیٹ، کراچی سے چھپوا کر شائع کیا

**چارجز: 100 روپے**

کراچی سالانہ سبسکرپشن بمعہ ڈاک خرچ 2500 روپے

بیرون کراچی سالانہ سبسکرپشن بمعہ ڈاک خرچ 3000 روپے

خصوصی نرخ برائے کراچی پیپر مارکیٹ 1500 روپے

ای میگزین 1500 روپے

**For Online Payments**
**Bank Makramah (BML)**
Paper Market Branch,Karachi
A/c-No:01025620311714112960
IBAN:PK72SUMB0256027140112960
**United Bank Ltd (UBL)**
Stratchen Road Branch, Karachi
A/c No : 0161596-4 Branch Cade: 0367

# چیئرمین کسٹم اپیلٹ ٹریبونل کا آئی بی ایم کے آئٹمز کو ڈیکلیئر ویلیو پر کلیئر کرنے کا حکم

## کسٹم، انٹرنیشنل بزنس منیجمنٹ کے ان کوٹڈ پیپر/پیپر بورڈ، کوٹڈ آرٹ کارڈ، کاربن لیس اور دونوں سائیڈ کوٹڈ

## پیکجنگ بورڈ پر انڈر انوائسنگ کے ثبوت دینے میں ناکام رہا، لہٰذا کسٹم ایکٹ کی دفعہ A-52 کا اطلاق نہیں ہوگا

کراچی (رپورٹ: ایم رؤف) پیپر ٹریڈ کی تاریخ میں ایک نیا باب رقم ہوا ہے جب کسٹم اپیلٹ ٹریبونل (لارجر بنچ) کے تین رکنی بنچ نے انٹرنیشنل بزنس منیجمنٹ کے بطور انڈنٹرز درآمد کردہ پیپر و پیپر بورڈ کے آئٹمز کو کسٹم ایکٹ کی دفعہ 25A سے نکال دیا ہے۔ دفعہ 25A کسٹم ویلیوایشن رولنگ سے متعلق ہے۔ یعنی اب آئی بی ایم کے انڈنٹ پر درآمد شدہ برانڈڈ ان کوٹڈ پیپر و پیپر بورڈ، کوٹڈ آرٹ کارڈ/بورڈ، کاربن لیس پیپر اور دونوں سائیڈ کوٹڈ پیکجنگ بورڈ (بلیچ بورڈ) پر رولنگ کا اطلاق نہیں ہوگا بلکہ ان کی کلیرنس دفعہ 25 کے تحت ٹرانزیکشنل (ڈیکلیئرڈ) ویلیو پر ہوگی۔ کسٹم اپیلٹ ٹریبونل (لارجز بنچ) جو چیئرمین اور ممبر جوڈیشل ا اسلام آباد محمد عارف خان، ممبر جوڈیشنل ا کراچی عبدالجبار قریشی اور ممبر ٹیکنیکل ا کراچی عبدالباسط پر مشتمل تھا اپنا 11 صفحات پر مشتمل تفصیلی فیصلہ جاری کیا ہے۔ 28 مارچ 2024 کو سماعت کے بعد اسی روز جاری ہونے والے فیصلے میں انٹرنیشنل بزنس منیجمنٹ کی اپیل بخلاف آرڈر ان اوریجنل نمبر 41/2023 منجانب ڈائریکٹر اور ڈائریکٹر جنرل کسٹم ویلیوایشن منظور کرتے ہوئے اس حکم کو کالعدم اور غیر قانونی قرار دے دیا ہے۔ انٹرنیشنل بزنس منیجمنٹ نے اپیل نمبر K-1439/2023/3108 دائر کی تھی جس میں کہا گیا تھا کہ کسٹم ویلیوایشن ڈپارٹمنٹ آئی بی ایم کے درآمد کردہ آئٹمز پر ویلیوایشن رولنگ کا اطلاق نہیں کر سکتا ہے کیونکہ گزشتہ پانچ سال کے ڈیٹا سے یہ ثابت ہے کہ ان آئٹمز میں کوئی انڈر انوئسنگ یا گروپ انڈر انوائسنگ نہیں ہے اس کے علاوہ خود محکمہ کسٹم ڈبل اے آفسیٹ پیپر کے کیس کے ساتھ ساتھ رولنگ نمبر 1248/2018 مورخہ 19 جنوری 2018 اور رولنگ نمبر 1774/2023 مورخہ 20 اپریل 2023 میں انہی وجوہات کی بنا پر بعض اشیا کو رولنگ سے نکالا جا چکا ہے اور یہ آئی بی ایم کے ساتھ امتیازی سلوک ہے۔ اس کے عاوہ سندھ اور لاہور ہائی کورٹ کے متعدد فیصلوں کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ ڈپارٹمنٹ کے پاس اس کے خلاف کوئی ثبوت موجود نہیں ہے۔ ڈپارٹمنٹ نے موقف اختیار کیا کہ ویلیوایشن میں بہت زیادہ فرق ہوتا ہے اس لئے 25A کا اطلاق کیا جاتا ہے۔ لہٰذا ٹریبونل نے عدالتی فیصلوں اور اپیل میں اٹھائے گئے نکات کے بعد محکمہ کسٹم کی جانب سے پیش کئے گئے جواز کی روشنی میں اس نتیجے پر پہنچی ہے کہ محکمہ مبینہ انڈر انوائسنگ یا گروپ انڈر انوائسنگ کے ثبوت یا کوئی اور موثر دستاویزی ثبوت پیش کرنے میں ناکام رہا ہے۔ جبکہ کسٹم ایکٹ کی دفعہ 25 میں کسٹم ویلیوایشن کا جو بنیادی اصول بنایا گیا ہے وہ ٹرانزیکشنل ویلیو ہے جو امپورٹر اور ایکسپورٹر کے درمیان طے ہوتی ہے۔ لہٰذا انٹرنیشنل بزنس منیجمنٹ کی اپیل منظور کی جاتی ہے اور ڈائریکٹر جنرل/ڈائریکٹر ویلیوایشن کے احکامات 41/2023 کو کالعدم اور غیر قانونی قرار دیا جاتا ہے۔ آئی بی ایم کی طرف سے عقیل احمد ایڈووکیٹ پیش ہوئے جبکہ ویلیوایشن آفیسر آمریش کمار نے محکمہ کسٹم کی نمائندگی کی۔

# آئی بی ایم انڈر انوائسنگ کے خلاف 20 سال سے جدوجہد کر رہی ہے، سلیم بیکیا

## جسے اب کسٹم اپیلٹ ٹریبونل نے بھی تسلیم کر لیا ہے، ہمیں اس پر فخر ہے، یہ آئی بی ایم اور تمام ایماندار امپورٹرز کی کامیابی ہے



کراچی (پیپر بزنس نیوز) انٹرنیشنل بزنس منیجمنٹ کے سربراہ اور چیئرمین بزنس مین پینل آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن محمد سلیم بیکیا نے پیپر بزنس کو دیئے گئے ایک بیان میں کہا ہے کہ آئی بی ایم گزشتہ 20 سالوں سے انڈر انوائسنگ کے خلاف جدوجہد کر رہی ہے اور اپنے ساتھی انڈنٹرز اور دیگر پیپر مرچنٹس کو بھی اس لعنت سے بچنے کے لئے تلقین کرتی رہی ہے لیکن ہمارے کچھ نادان دوست اپنی قیمتوں کو رولنگ سے آگے لے جانے کے لئے تیار ہی نہیں ہوتے ہیں جبکہ کسٹم کے ڈیٹا سے یہ بات ثابت ہے کہ آئی بی ایم نے رولنگ سے زائد بھی ویلیوز کو ڈیکلیئر کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس کامیابی کا سہرا ان تمام ایماندار امپورٹرز کو جاتا ہے جو انڈر انوائسنگ کے خلاف جدوجہد میں آئی بی ایم کے ساتھ کھڑے رہے۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# محمد سلیم بیکیا کا آئی بی ایم پارٹنرز کے اعزاز میں ظہرانہ

## بڑی تعداد میں امپورٹرز کی شرکت، پیپر مارکیٹ کی موجودہ صورت حال پر تفصیل سے تبادلہ خیال، لاہور میں بھی اجلاس منعقد کرنے کا اعلان

کراچی (پیپر بزنس نیوز) انٹرنیشنل بزنس مینجمنٹ (آئی بی ایم) کے سربراہ محمد سلیم بیکیا نے آئی بی ایم کے کاروباری پارٹنرز (امپورٹرز) کے اعزاز میں ہفتہ 30 نومبر اپنے دفتر میں ایک ظہرانہ دیا جس میں بڑی تعداد میں امپورٹرز نے شرکت کی۔ اس موقع پر آئی بی ایم کی ٹیم کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے محمد جاوید، محمد رضوان، فیصل اقبال اور عبدالقادر بھی اسٹیج پر موجود تھے اس موقع پر لاہور سے بھی تقریباً 30 امپورٹرز نے زوم کے ذریعے شرکت کی۔ محمد سلیم بیکیا نے اس موقع پر پیپر کی طلب و رسد کے حوالے سے امپورٹرز کو آگاہ کیا اور بین الاقوامی قیمتوں سے متعلق بھی آگاہی دی۔ انہوں نے بتایا کہ اس وقت مقامی ملوں کی پیداواری صلاحیت موجودہ طلب کے مقابلے میں 145 فیصد ہے اور مقامی ملوں کی بقا اسی میں ہے کہ وہ پیپر کی ایکسپورٹ کے حوالے سے معیار کو بہتر بنائیں اور اپنا کاغذ برآمد کریں۔ اسی وجہ سے مقامی کاغذ ملوں میں مقابلہ ہے اور قیمتوں میں کمی ہے جبکہ بین الاقوامی مارکیٹ اس وقت اپنی کم از کم سطح پر موجود ہے اور اس میں کمی کا مزید کوئی امکان نہیں ہے کیونکہ موجودہ حالات میں چین منگ جیسی ملوں نے بھی اپنی پیداوار روک دی ہے اور اس کے اثرات یقیناً قیمتوں میں اضافے کی صورت میں ظاہر ہوں گے جو کہ 30 تا 50 ڈالر ہو سکتی ہے۔ محمد سلیم بیکیا نے ایک سوال کے جواب میں کہا کہ پیپر امپورٹرز کے دو ریفنڈ کیسز التوا میں ہیں جس میں ایک کوٹڈ رائٹنگ پرنٹنگ پیپر کے کیس میں ان کنسائنمنٹ سے متعلق ہے جن کے دفعہ 81 کے تحت چیک کسٹم نے کیش کرا لئے تھے۔ اس میں سے بھی دو کروڑ روپے سے زائد کے ریفنڈ ہو چکے ہیں اور صرف چند لاکھ روپے کے باقی ہیں اس کی تاخیر کی وجہ بھی یہ ہے کہ ان امپورٹرز کے کلیرنگ ایجنٹ نے متعلقہ دستاویزات اور کارروائی نہیں کی ہے ان کے لئے بھی کوشش جاری ہیں اس موقع پر انہوں نے دو امپورٹرز برہانی پیپرز اور علی ٹریڈنگ کے ریفنڈ چیک پیش کئے۔ اس کے علاوہ 2002 کے ریفنڈ کیسز کے حوالے سے بھی بقیہ چیک کے حصول کے لئے کوششیں جاری ہیں۔ محمد سلیم بیکیا نے کہا کہ قرآن پیپر صرف 60 گرام میں ڈیوٹی فری درآمد ہوتا ہے اس سے زائد کے گرام کا پیپر اگر مارکیٹ میں فروخت ہو رہا ہے تو وہ قرآن بورڈ کا نہیں ہوتا ہے۔ مارکیٹ میں کچھ لوگ بغیر ثبوت کے اپنی لاعلمی کے باعث جھوٹے الزامات لگا رہے ہیں اس کے باوجود اگر قرآن بورڈ کی این او سی پر درآمد شدہ کاغذ مارکیٹ میں فروخت ہو رہا ہے تو اس کے ثبوت ایسوسی ایشن کو فراہم کئے جائیں تو ان کے خلاف کارروائی کے لئے لکھا جائے گا۔ رولنگ سے متعلق ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ قیمتوں میں کمی کے رجحان ہے لیکن رولنگ کم کرانے سے انڈر انوائسنگ کرنے والے چند افراد ناجائز فائدہ اٹھاتے ہیں اور وہ اپنی قیمتوں میں جب اضافہ ہوتا ہے تو اضافہ نہیں کرتے جس سے ہماری ٹریڈ کو نقصان پہنچتا ہے لہٰذا رولنگ میں کمی کی کوشش اس وقت کی جا سکتی ہے جب دیگر فریقین بھی اس بات کی ضمانت دیں کہ وہ مارکیٹ کے مطابق چلیں گے۔ اینٹی ڈمپنگ کے حوالے سے انہوں نے بتایا کہ اینٹی ڈمپنگ سر کموینشن، سن سیٹ اور دیگر کیسز جیت کر ٹریڈ کو اس ٹیکس سے بچایا گیا ہے۔ محمد سلیم بیکیا نے اعلان کیا کہ لاہور میں بھی جلد ہی ''آئی بی ایم پارٹنرز'' کے اعزاز میں عشائیہ دیا جائے گا۔ لاہور سے ملک قدرت، خامس سعید بٹ، محمد جنید اور دیگر نے بھی اظہار خیال کیا۔ کراچی سے بھی متعدد امپورٹرز نے سوالات کئے۔

## کوسکو شپنگ کمپنی کی آن لائن ادائیگی کی پابندی

کراچی (پیپر بزنس نیوز) کوسکو شپنگ لائنز پاکستان (پرائیویٹ) لمیٹڈ (سابقہ) COSCO سعید کراچی پرائیویٹ لمیٹڈ شپ ایجنٹس، چارٹررز، آپریٹرز اور لاجسٹک سروسز نے اعلان کیا ہے کہ کارکردگی کو بہتر بنانے کے لیے 15 دسمبر 2024 سے تمام درآمدی چارجز (مقامی چارجز + سیکیورٹی ڈپازٹ) کے لیے ڈیلیوری آرڈر حاصل کرنے کے لیے کمپنی کے بینک اکاؤنٹ میں کنسائنی یا ان کے کلیئرنگ ایجنٹ/فارورڈر کے ذریعے ادائیگی آن لائن لازمی کرنا ہوگی۔ 15 دسمبر سے سے پے آرڈرز قابل قبول نہیں ہوں گے۔ اس کے علاوہ تیسرے فریق کی ادائیگیاں بھی قابل قبول نہیں ہوں گی۔ نقد قابل قبول نہیں ہوگا۔ ڈیلیوری آرڈر کے دستاویزات جمع کرائے جاتے ہیں، تو تصدیق کے لیے ادائیگی کا اسکرین شاٹ لازمی منسلک کریں۔ تمام ایکسپورٹ چارجز (C&F اور FOB شپمنٹ) کے لیے ادائیگیاں بھی کمپنی کے بینک اکاؤنٹ میں شپر یا ان کے کلیئرنگ ایجنٹ/فارورڈر کے ذریعے آن لائن کی جانی چاہئیں تاکہ بل آف لیڈنگ حاصل کیا جا سکے۔ اعلامیہ میں کہا گیا ہے کہ اگر کوئی صارف چیک کے ذریعے ادائیگی کرتا ہے تو اسے بی ایل جاری کرنے کے لیے کمپنی کے بینک اکاؤنٹ میں چارجز کلیئر ہونے تک انتظار کرنا ہوگا۔ تیسرے فریق ثالث کی ادائیگیاں بھی قابل قبول نہیں ہوں گی۔ نقد قابل قبول نہیں ہوگا۔ جب بینک کے دستاویزات بی ایل جاری کرنے کے لئے پاس جمع کرائے جائیں، تو تصدیق کے لیے ادائیگی کا اسکرین شاٹ منسلک کریں۔ اس بات کا خیال رکھیں کہ کمپنی کی انوائس پر درج اصل رقم کے مطابق ہی ادائیگی کی جائے گی۔


**قمری ٹریڈرز**

بلیچ بورڈ اینڈ بکس بورڈ ریلز اور شیٹ میں دستیاب ہیں

فون: 0333-3094954

0300-9255461

**H.H BROTHERS**

Deals in all Kinds Of Printing & Packaging items. (Papers & Board)

**Hussain Mustafa Battiwala**

Amdaji BLDG Faiz Mohammad Fateh Ali Road, Paper Market Near Haqani chowk Opp. Burhani Hospital, Karachi.

Cell:0323-3931427 - 0301-0084153

Email:hhh.battiwala@gmail.com

**SMB PAPERS**

House of Paper & Board

بلیچ بورڈ، کاربن لیس اور لوکل پیپر بھی دستیاب ھے

0321-92559529

Shop#08, Darul Hina Buailding, Off Tayabji Road, Karachi.

**A.A.Services**

Deals in Color Paper & Color Card

*Nasrullah Khan*

0332-3274302

*M.Maaz Khan*

0349-5115915-0318-1384046





یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# محمد سلیم بیکیا کا آئی بی ایم پارٹنرز کے اعزاز میں ظہرانہ









انٹرنیشنل بزنس مینجمنٹ (آئی بی ایم) کے سربراہ محمد سلیم بیکیا نے آئی بی ایم کے کاروباری پارٹنرز (امپورٹرز) کے اعزاز میں ہفتہ 30 نومبر 2024 کو اپنے دفتر میں ایک ظہرانہ دیا جس میں بڑی تعداد میں امپورٹرز نے شرکت کی۔ اس موقع پر لی گئی تصاویر میں محمد رضوان، محمد جاوید، محمد سلیم بیکیا، عبدالقادر اور فیصل اقبال اسٹیج پر بیٹھے ہیں۔ جبکہ شرکاء میں سید لیاقت علی، یحییٰ باری، غلام علی، سید شاہنواز علی، رضا شیخ، نثار احمد، عبداللہ زبیر، اسلم جیلانی، صدرالدین جیوانی، محمد شکیل، احمد اظہر، عمران قاضی اور دیگر شامل ہیں۔



یہ شمارہ 113 گرام نیو یا آرٹ پیپر چائنا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

A QUALITY PRODUCT BY

APP

金东纸业 GOLD EAST PAPER

**Our Quest Superiority has Made us Professional CAUSE WE ARE PAPERLINE LINE OF PROFESSSIONALISM**

- Premium Quality
- High Brightness
- Two Sides Copying
- Fast Ink Absorption By TRUTONE Technology
- High Efficiency

博汇 Bohui

# 博汇纸业 BOHUI PAPER

**A4 70 g/m²** 500 sheet

**A4 80 g/m²** 500 sheet




70اور 80 گرام میں اعلیٰ معیار کا A4 سائز پیپر
چائنا سے درآمد شدہ مارکیٹ میں دستیاب ہے

## FOR BOOKING CONTACT

IBM™
ISO 9001: 2015 CERTIFIED


**INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT**

First ISO 9001-2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital, Karachi UAN:111-IBK-PAK
Ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, Website:www.ibmpakistan.com


BRANDS ICON OF PAKISTAN 2019

Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS

Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012




Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725




IBM TM
ISO 9001: 2015 CERTIFIED

INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

First ISO 9001-2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital, Karachi UAN:111-IBK-PAK
Ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, Website:www.ibmpakistan.com

Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012




# EXCELLENT FOR YOUR NEEDS

- FBB WHITE BACK
- WOODFREE OFFSET PAPER
- COATED DUPLEX BOARD WITH GREY BACK
- CUP BOARD HIGH BULK
- C2S ART PAPER, GLOSS AND MATT, REEL & SHEET
- C2S ART CARD
- STICKER PAPER
- CARBONLESS PAPER
- FAX & THERMAL
- NEWS PRINT
- GLASSINE PAPER
- COLOUR WOODFREE

FOR DETAILS PLEASE CONTACT

**MILLS REPRESENTATIVE**

## ATC PAKISTAN PVT. LTD.

Head Office: Room No. 210, 2nd Floor, Europa Centre, Hasrat Mohani Road, Karachi-74000, Pakistan. Ph: 92-21-32628027, 32628028
Email: info@atcpakistan.net Website: www.atcpakistan.net



Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725

# مقامی مارکیٹ: آرٹ کارڈ، مقامی و درآمدی آفسیٹ اور کاربن لیس پیپر کی قیمتوں میں اضافہ

کراچی (پرائس سروے رپورٹ) کراچی پیپر مارکیٹ میں کاروباری سرگرمیاں جاری ہیں اور 4 دسمبر 2024 کو ختم ہونے والے ہفتہ کو مارکیٹ سے موصولہ اطلاعات کے مطابق ہول سیل مارکیٹ میں آرٹ کارڈ ننگبو اسٹار، کاربن لیس پیپر امپریشن اسٹار، مقامی آفسیٹ پیپر ڈبل اے برانڈ اور درآمدی آفسیٹ پیپر آئی کے 035 کی قیمتوں میں اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ ریٹیل مارکیٹ میں نیوز پرنٹ پیپر کی قیمتوں میں کمی دیکھی گئی۔ جبکہ پنڈو آرٹ کارڈ، بلیچ بورڈ سلور پیک اور آئی پی سی، نیویا آرٹ پیپر اور اسٹیکر پیپر کی قیمتوں میں اضافہ دیکھنے میں آیا۔ پیپر و پیپر بورڈ کے جن برانڈز کی قیمتوں میں اس ہفتے جو اتار چڑھاؤ ہوا اس کی تفصیلی رپورٹ قارئین کے لئے پیش خدمت ہے۔

## تھوک نرخ Whole Sale

### آرٹ کارڈ ننگبو اسٹار چائنا

آرٹ کارڈ ننگبو اسٹار چائنا تمام سائز 250۔ 270۔ 300 اور 350 گرام، 335 روپے سے بڑھ کر 340 روپے فی کلو ہو گیا ہے۔

### کاربن لیس پیپر

کاربن لیس پیپر امپریشن پنڈو 2000 انڈونیشیا، 18x23 سائز 4500 روپے سے کم ہو کر 4400 روپے فی ریم ہو گیا ہے۔ کاربن لیس پیپر امپریشن اسٹار چائنا 24x34 سائز 5900، روپے سے بڑھ کر 6000 روپے، 23x36 سائز 6100، روپے سے کم ہو کر 6000 روپے فی ریم ہو گیا ہے۔

### مقامی ڈپلیکس بورڈ

مقامی ڈپلیکس بورڈ ٹاپ رائیڈر تمام سائز 300 - 250 گرام اور تمام سائز 350 گرام 175 روپے سے کم ہو 173 روپے فی کلو ہو گیا ہے۔

### آفسیٹ پیپر امپورٹڈ :

آفسیٹ پیپر آئی کے 035 انڈونیشیا تمام سائز تمام گرام، 365 روپے سے بڑھ کر 370 روپے فی کلو ہو گیا ہے۔

### مقامی آفسیٹ /پرنٹنگ پیپر :

مقامی آفسیٹ پیپر ڈبل اے برانڈ تمام سائز 63 اور 68 گرام 225، روپے سے بڑھ کر 230 روپے فی کلو ہو گیا ہے۔

### فوٹو کاپی پیپر:

بی ایل سی 70 گرام، 850 روپے سے بڑھ کر 860 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ ڈبل اے تھائی لینڈ 80 گرام 1300، روپے سے بڑھ کر 1320 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔

## خوردہ نرخ Retail

آرٹ کارڈ گولڈن کوئن انڈونیشیا، 22x28 سائز 190 گرام 2660 روپے بڑھ ہو کر 2680 روپے، 25x36 سائز 210 گرام 4290 روپے سے بڑھ کر 4330 روپے فی ریم ہو گیا۔

بلیچ بورڈ سلور پیک، 20x30 سائز 210 گرام 2400 روپے سے بڑھ کر 2420 روپے فی ریم ہو گیا۔ 22x28 سائز 230 گرام 2700 روپے سے بڑھ کر 2720 روپے فی ریم ہو گیا۔

نیویا آرٹ پیپر میٹ /گلوس چائنا، 20x30 سائز 90 گرام 6010 روپے سے بڑھ کر 6100 روپے فی ریم ہو گیا۔ 25x36 سائز 90 گرام 9010 روپے سے بڑھ کر 9150 روپے فی ریم ہو گیا۔

نیوز پرنٹ پیپر سونڈان، 17x27 سائز 40 گرام 1400 روپے سے کم ہو کر 1350 روپے فی ریم ہو گیا۔ 17x27 سائز 42 گرام 1520 روپے سے کم ہو کر 1400 روپے فی ریم ہو گیا۔

تفصیلی پرائس سروے اندرونی صفحات پر ملاحظہ کیجئے۔

# بین الاقوامی مارکیٹ: پیکیجنگ بورڈ کی قیمتوں میں 20 ڈالر فی ٹن اضافہ، بوہی برانڈ کی نئی پروڈکٹس متعارف

کراچی (انٹرنیشنل پرائس سروے رپورٹ) پیپر و پیپر بورڈ کی بین الاقوامی قیمتوں کی عالمی مارکیٹ سے موصول ہونے والی رپورٹ کے مطابق انڈونیشیا اور چائنا کے پیپر و پیپر بورڈ کی سی اینڈ ایف قیمتوں میں اس ہفتے فی میٹرک ٹن کمی ریکارڈ کی گئی۔ ان قیمتوں میں ہونے والی تبدیلیوں کی تفصیل مندرجہ ذیل ہے۔

### پیکیجنگ بورڈ

پیکیجنگ بورڈ، ننگبو گولڈ سی اینڈ ایف کی شیٹس 575 ڈالر سے بڑھ کر 595 ڈالر فی میٹرک ٹن ہو گئی۔ جبکہ ننگبو گولڈ کی ریلز 555 ڈالر سے بڑھ کر 575 ڈالر فی میٹرک ٹن ہو گئی ہیں۔ ننگبو اسٹار کی شیٹس 730 ڈالر سے بڑھ کر 750 ڈالر فی میٹرک ٹن ہو گئی ہیں جبکہ ریلز 710 ڈالر سے بڑھ کر 730 ڈالر فی میٹرک ٹن ہو گئی ہیں۔ بوہی (سی اینڈ ایف) کی شیٹس 555 ڈالر سے بڑھ کر 555 ڈالر فی میٹرک ٹن ہو گئی ہیں جبکہ ریلز 535 ڈالر سے بڑھ کر 555 ڈالر فی میٹرک ٹن ہو گئی ہیں۔

آئی بی ایم نے بوہی کے مندرجہ ذیل مذید آئٹمز کی درآمدی قیمت کا اعلان کیا ہے۔

بوہی 2 سائیڈ کوٹڈ پیکیجنگ کی شیٹس 575 ڈالر اور ریلز 555 ڈالر فی میٹرک ٹن۔

آرٹ بورڈ کی شیٹس 760 ڈالر اور ریلز 740 ڈالر فی میٹرک ٹن۔

آفسیٹ /ان کوٹڈ پیپر اینڈ بورڈ کی شیٹس 720 ڈالر اور ریلز 700 ڈالر فی میٹرک ٹن۔

انڈونیشیا اور چائنا کے دیگر برانڈز کی قیمتوں میں کوئی تبدیلی نہیں دیکھی گئی۔

تفصیلی سروے اندرونی صفحات پر ملاحظہ کریں۔

CARBONLESS
WHITE & COLOUR
24 X 34 23 X 36

KINMARI ART PAPER SILVER PACK BLEACH BOARD

SHEETS,
ALL GSM & SIZES

CHAND TRADERS

PAPER ONE OFFSET ARIA A 470 GSM

Karachi Office: 1-AL Mohsin Building,
Tayyabji Road, Karachi. 74200.
Tel: 32627311 - 32627411

Lahore Office: 44-Zulqarnain Chambers,
Ganpat Road, Lahore. 54000
Tel:37232889 - 37248501
Fax: 37227826
E-mail: chandtraders92@gmail.com



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

## علامہ اقبال یونیورسٹی اسلام آباد کا پیپر، پرنٹنگ واسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر:19/2024-25
پیپر A4 سائز، 70 گرام، برانڈ: ڈبل اے/ نیویگیٹر/ ایچ پی/ کاپی پیپر/ بی ایم/او/ ایکسیلنٹ یا مساوی
تعداد:7300 ریم۔
پیپر A4 سائز، 80 گرام، برانڈ: ڈبل اے/ نیویگیٹر/ ایچ پی/ کاپی پیپر/ بی ایم/او/ ایکسیلنٹ یا مساوی
تعداد:1000 ریم۔
اسٹیشنری کی پرنٹنگ، اسٹیشنری آئٹمز۔
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:18 دسمبر 2024ء
برائے رابطہ: ڈائریکٹوریٹ آف پرچیز اینڈ اسٹورز، سیکٹر H-8، اسلام آباد۔
فون:051-9250031-9250035

## نیشنل لاجسٹکس کارپوریشن راولپنڈی کا پرنٹنگ کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر:
18/FOR/Printing Material/NLC/2024
ٹیبل اور وال کیلنڈرز کی پرنٹنگ
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:12 دسمبر 2024ء
برائے رابطہ: سینئر مینیجر، میڈیا اینڈ مارکیٹنگ، ہیڈ کوارٹر، ہارڈنگ روڈ، راولپنڈی۔
فون:051-9052525

## گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد کا پیپر کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر:794/02/2024
پیپر A4 سائز، 80 گرام، برانڈ ڈبل اے/ کاپی میٹ/ بی ایل سی/ پیپر ون
تعداد:8500 ریم۔
پیپر لیگل سائز، 80 گرام، برانڈ ڈبل اے/ کاپی میٹ/ بی ایل سی/ پیپر ون
تعداد:10500 ریم۔
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:13 دسمبر 2024ء
برائے رابطہ: پروکیورمنٹ اینڈ انوینٹری کنٹرول ڈیپارٹمنٹ، علامہ اقبال روڈ، فیصل آباد۔ فون:041-9201468

## TEVTA لاہور کا پیپر واسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر:TEVTA/SEC/PC/06/2024-25
پیپر A4 سائز، 80 گرام، تعداد:2000 عدد۔
پیپر لیگل سائز، 80 گرام، تعداد:90 عدد۔ پرنٹڈ اسٹیشنری اور لفافے۔
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:16 دسمبر 2024ء
برائے رابطہ: ADG (پروکیورمنٹ)، ٹیکنیکل ایجوکیشن اینڈ ووکیشنل ٹریننگ اتھارٹی، H-96، گلبرگ-3، لاہور۔
فون:042-99263055-59 EXT:413




## دی اربن یونٹ لاہور کا پیپر واسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر:UU/2024-25/09
پیپر A4 سائز، 80 گرام، امپورٹڈ، برانڈ ڈبل اے/ مساوی،
تعداد:2700 ریم۔
پیپر لیگل سائز، 80 گرام، امپورٹڈ، برانڈ ڈبل اے/ مساوی،
تعداد:40 ریم۔ اسٹیشنری آئٹمز۔
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:17 دسمبر 2024ء
برائے رابطہ: چیف ایگزیکٹو آفیسر، 503- شاہین کمپلیکس، ایگرٹن روڈ، لاہور۔ فون:042-99205316-22

## نیشنل کونسل طب اسلام آباد کو پرنٹنگ خدمات درکار

آنسر شیٹ، تعداد:60000 عدد۔
ایکسٹرا شیٹ، تعداد:10000 عدد۔
سوالنامہ، تعداد:70000 عدد۔
داخلہ فارم، تعداد:12000 عدد۔
رزلٹ کارڈ، تعداد:12000 عدد۔
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:11 دسمبر 2024ء
برائے رابطہ: آفس، پاکستان اکیڈمی آف سائنسز بلڈنگ، 3- شاہراہ دستور، سیکٹر G-5/2، اسلام آباد۔
فون:051-9204378-9204375

## Karachi Port – Ships Expected

**General Cargo**

| Name | Shipping Agent | Arrival Strip |
|---|---|---|
| Jing Chang | Sharaf Shipping Agency | 12/1/2024 |
| Yara J | Eastwind Shipping Company | 12/1/2024 |
| Amis Glory | Sirius Logistics Pakistan | 12/1/2024 |
| Oceanlady | Gearbulk Shipping | 12/2/2024 |
| Jing Chang | Sharaf Shipping Agency | 12/2/2024 |
| Bison Express | Gearbulk Shipping | 12/3/2024 |
| Chemroute Sky | Safan Marine Services | 12/3/2024 |
| M.T Khairpur | Alpine Marine Services | 12/3/2024 |
| M.T Khairpur | Alpine Marine Services | 12/4/2024 |
| Chemroute Sky | Safan Marine Services | 12/4/2024 |

## Karachi Port – Ships on Port

**East Wharf**

| Berth No | Ship | Working | Agent | Berthing Date |
|---|---|---|---|---|
| B-12 | Huayang Rose | Clinkers | Gearbulk Shipping (Pvt) Ltd | 28 Nov 2024 |
| B-11 | Huayang Rose | Clinkers | Gearbulk Shipping (Pvt) Ltd | 28 Nov 2024 |
| B-14 | Pagoda | General Cargo | Seahawks (Pvt) Limited | 29 Nov 2024 |
| B-15 | Pagoda | General Cargo | Seahawks (Pvt) Limited | 29 Nov 2024 |
| B-13 | Kai Xuan 11 | General Cargo | Legend Shipping &Logistics | 30 Nov 2024 |
| B-14 | Kai Xuan 11 | General Cargo | Legend Shipping &Logistics | 30 Nov 2024 |
| B-17 | Yara J | Soya Bean Seeds | Eastwind Shipping Company | 01 Dec 2024 |
| B-16 | Yara J | Soya Bean Seeds | Eastwind Shipping Company | 01 Dec 2024 |
| B-4 | Ocean Sky | Rice | Eastwind Shipping Company | 01 Dec 2024 |
| B-14 | Bison Express | Cattles | Gearbulk Shipping (Pvt) Ltd | 03 Dec 2024 |
| B-15 | Bison Express | Cattles | Gearbulk Shipping (Pvt) Ltd | 03 Dec 2024 |
| B-12 | Oceanlady | Clinkers | Gearbulk Shipping (Pvt) Ltd | 03 Dec 2024 |
| B-11 | Oceanlady | Clinkers | Gearbulk Shipping (Pvt) Ltd | 03 Dec 2024 |
| B-2 | Vtc Dragon | Rice | Ocean Services (Pvt) Ltd | 03 Dec 2024 |
| B-3 | Vtc Dragon | Rice | Ocean Services (Pvt) Ltd | 03 Dec 2024 |
| B-10 | Jing Chang | General Cargo | Sharaf Shipping Agency | 03 Dec 2024 |
| B-11 | Jing Chang | General Cargo | Sharaf Shipping Agency | 03 Dec 2024 |
| B-13 | Amis Glory | Clinkers | Sirius Logistics Pakistan | 03 Dec 2024 |
| B-14 | Amis Glory | Clinkers | Sirius Logistics Pakistan | 03 Dec 2024 |
| B-14 | Bison Express | Cattles | Gearbulk Shipping (Pvt) Ltd | 03 Dec 2024 |
| B-15 | Bison Express | Cattles | Gearbulk Shipping (Pvt) Ltd | 03 Dec 2024 |

**West Wharf**

| Berth No | Ship | Working | Agent | Berthing Date |
|---|---|---|---|---|
| B-24 | Ken Orchid | Chick Peas | Seatrade Shipping | 28 Nov 2024 |
| B-25 | Ken Orchid | Chick Peas | Seatrade Shipping | 28 Nov 2024 |
| B-25 | Yasmin | Rice | Ocean World | 25 Nov 2024 |


یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# ٹیکس افسران پر کرپشن کے الزامات اور تبادلے ٹیکس کم وصولی کی وجوہات ہیں، آفیسرز ایسوسی ایشن

کراچی (نیوز ڈیسک) ایف بی آر افسران کی تنظیم نے ٹیکس اہداف پورے نہ ہونے کی وجہ مراعات میں کمی اور تبادلوں کو قرار دے دیا۔ ایف بی آر میں خدمات انجام دینے والے افسران کی تنظیم ان لینڈ سروس آفیسرز ایسوسی ایشن نے اپنے اعلامیے میں انکشاف کیا ہے کہ ان لینڈ ریونیو میں خدمات انجام دینے والے افسران کی مراعات میں کمی اور ٹرانسفر پوسٹنگ ٹیکس اہداف پورے نہ ہونے کی بنیادی وجوہات ہیں۔ آئی آر ایس افسران کی تنظیم نے از خود کیے گئے سروے کے نتائج کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایف بی آر کے ان لینڈ ریونیو سروس گروپ میں جونیئر افسران کی سہولتیں دیگر حکومتی افسران سے کم ترین سطح پر ہے۔ اعلامیے میں مزید کہا گیا ہے کہ ایف بی آر میں جاری اصلاحات پروگرام کی وجہ سے آئی آر ایس افسران نالاں ہیں۔ ایف بی آر ان لینڈ ریونیو کے 80 فیصد جونیئر افسران کو ٹرانسپورٹ وایندھن فراہم نہیں کیا جاتا ہے جب کہ ٹرانسفر پوسٹنگ کی وجہ سے افسران کو دُور دراز مقامات پر تعیناتی کی صورت میں رہائش سمیت دیگر مسائل کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ تنظیم کے اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ تبادلہ کیے گئے افسران پر کرپشن کے الزام کی وجہ سے بھی اس شعبے میں تناؤ ہے۔ آئی آر ایس گروپ کے گریڈ 18 اور 19 کے افسران کی ترقی کے لیے بورڈ کا انعقاد نہیں کیا جا رہا ہے۔ اعلامیے میں اس بات کا بھی خدشہ ظاہر کیا گیا ہے کہ درپیش مسائل کی وجہ سے ٹیکس وصولی میں 365 ارب روپے کی کمی ہو سکتی ہے۔

## اپیلٹ ٹریبونل کے آئی بی ایم کے لئے فیصلہ پر نجم الرحمن کی تنقید

### اب صرف آئی بی ایم کے آئٹمز ڈی وی پر کلیئر ہوں گے، فیصلہ حاصل کرنے کے لئے کروڑوں کی رشوت کا مبینہ الزام

لاہور (پیپر بزنس نیوز) چیئرمین انصاف بزنس پینل نجم الرحمن نے اپنے ایک آڈیو پیغام میں کسٹم اپیلٹ ٹریبونل کے چیئرمین کے فیصلے مورخہ 28 مارچ 2024 پر کڑی تنقید کی ہے اور مبینہ طور پر ٹریبونل کے ممبران پر کروڑوں کی رشوت لے کر فیصلہ جاری کرنے کا الزام عائد کیا ہے نہوں نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ ایسوسی ایشن آئی بی ایم کو تحفظ فراہم کرنے کے لئے کس حد تک گئی ہے ممبران اس پر غور کریں۔ نجم الرحمن نے کہا ہے کہ اب صرف آئی بی ایم کے آئٹمز ڈی وی پر کلیئر ہوں گے خواہ وہ رولنگ سے زیادہ ہوں یا کم ہوں جبکہ بقیہ تمام امپورٹرز پر ویلیوایشن رولنگ کا اطلاق ہوگا اور اب دیگر امپورٹرز کے لئے کام کرنا مشکل ہوگا۔ کسٹم اہلکاروں نے پیپر بزنس کو بتایا کہ ٹریبونل کے موجودہ چیئرمین محمد عارف خان کا شمار محکمے کے چند انتہائی ایماندار افسران میں ہوتا ہے۔

## گرین چینل پالیسی میں تبدیلی، درآمدی وبرآمدی کنسائنمنٹ تاخیر کا شکار

فیصل آباد (بزنس ڈیسک) حکومت کی جانب سے گرین چینل پالیسی میں تبدیلی کے بعد ایکسپورٹ سیکٹر میں بے چینی کی لہر دوڑ گئی۔ کراچی پورٹ پر درآمدی کنٹینرز کی 100 فیصد اور برآمدی مال کی 74 فیصد چیکنگ شروع ہونے سے غیر ملکی آرڈر میں تاخیر کے خدشات منڈلانے لگے ہیں تاہم ڈرائی پورٹ نے فیصلے کو خوش آئند قرار دیا ہے۔ بیرون ممالک سے خام مال کی درآمد میں سمگلنگ اور ناجائز درآمدات کو روکنے کے لیے حکومت نے کراچی بندرگاہ پر گرین چینل پالیسی کو ریڈ چینل میں تبدیل کر کے رینڈم سیمپلنگ کے بجائے 100 فیصد کنٹینرز کی کلیئرنس پالیسی نافذ کر دی۔ ایکسپورٹ کنٹینرز کی چھوٹ کو بھی کل تعداد کے 47 فیصد سے کم کر کے 26 فیصد کر دیا گیا ہے جس پر صنعتی شہر فیصل آباد کی تاجر تنظیموں نے شدید تحفظات کا اظہار کیا ہے اور اسے تجارتی سرگرمیوں کے لیے بڑا دھچکا قرار دیا ہے۔ جنرل سیکرٹری پاکستان ٹیکسٹائل ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن عزیز اللہ گوہیر نے کہا ہے کہ کراچی بندرگاہ پر ڈالا گیا بوجھ استعداد سے کہیں زیادہ ہے جس کے باعث 3 ہزار سے زائد کنٹینرز کلیئرنس نہ ہونے سے غیر ملکی آرڈرز تاخیر کا شکار ہو رہے ہیں۔ دوسری جانب چیمبر آف کامرس اور ڈرائی پورٹ انتظامیہ نے حکومتی اقدام کی حمایت کی ہے تاہم صنعتکاروں کے خدشات دور کرنے کا بھی مطالبہ کیا ہے۔ ڈرائی پورٹ انتظامیہ کا کہنا ہے کہ کلیئرنس کے لیے صنعتکار اگر کراچی کے بجائے فیصل آباد کا انتخاب کریں تو اخراجات اور وقت دونوں کی بچت ہو سکتی ہے۔

## مقامی رجسٹریشن آفس میں بائیومیٹرک تصدیق کا طریقہ کار

اسلام آباد (پیپر بزنس نیوز) نئے مالی سال میں تمام رجسٹرڈ افراد کو ہر جولائی میں نادرا ای سہولت سنٹر میں سالانہ بائیومیٹرک دوبارہ تصدیق کرانی لازمی ہے۔ تاہم اس سلسلے میں اگر کوئی رجسٹرڈ شخص کیلئے کسی طبی وجہ یا بڑھاپے کی وجہ سے بائیومیٹرک تصدیق ممکن نہ ہو تو وہ مقامی رجسٹریشن آفس اور ویڈیو ریکارڈنگ کے ذریعے رجسٹرڈ شخص کا ذاتی انٹرویو کر کے اس کا رجسٹریشن کر سکتے ہیں تاہم اس کے لئے نادرا ای سہولت تصدیقی پرچی جو غیر تصدیق شدہ کی نشاندہی کرتی ہے، پیش کرنا ہو گی۔ طبی وجوہات کی صورت میں طبی حالت کی تصدیق کرنے والا ڈاکٹر کا خط، رجسٹرڈ شخص سے حلف نامہ، متعلقہ کمشنر سے این او سی حاصل کر کے جمع کرانا ہوگا۔ اگر بائیومیٹرک رجسٹرڈ شخص کے پاکستان سے باہر ہونے کی وجہ سے ممکن نہ ہو تو اسے پاسپورٹ اور درست ویزا کی کاپی، دستی بائیومیٹرک تصدیق کے لیے اصل درخواست کا خط متعلقہ پاکستانی قونصل خانے سے تصدیق شدہ ہو جس میں تصدیق کی گئی ہو کہ رجسٹرڈ شخص نے قونصلیٹ آفیسر کے سامنے خط پر دستخط کیے ہیں۔ جمع کرانا ہوگا۔ اس کے علاوہ متعلقہ کمشنر سے این او سی بھی حاصل کر کے جمع کرانا ہوگا۔


**NAZAR PAPER MART**

**Deals in GREY BOARD**
**700gsm to 2000gsm**

Contact:
SHABBIR HUSSIAN
0300 2100687
HUNAID ALI
0321 2067400

**Babjee Paper Mart**

ہمارے یہاں امپورٹڈ پیپر، لوکل پیپر اور فوٹو کاپی پیپر بھی دستیاب ہے

**Haider Hussain**
03222102340
Address:ALMohsin Building off Tayyab Jee Road, Near Burhani Hospital, Karachi

**RAJ TRADERS**

**Deals in Local & Imported Box Board, Paper, Bleach Board, White Top Liner, Craft Paper & Gray Board**

**Zulfiqar Ali**
Contact: 0333-3561272
Shop # 3, Burhani Manzil,Tayyabjee Road, Hakani Chowk Karachi 74200.
Email:rajtraders110@gmail.com





یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# وزیر خزانہ کا ہول سیل اور ریٹیل سیکٹرز پر ٹیکس لگانے پر زور

وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے ہول سیل اور ریٹیل سیکٹرز کو ٹیکس نیٹ میں لانے پر زور دیتے ہوئے اس عمل میں چھوٹے تاجروں کو ہر ممکن سہولت فراہم کرنے کی یقین دہانی کرائی ہے۔ یہ بات انہوں نے وزارت خزانہ میں تجارتی نمائندوں کے ساتھ منعقدہ ایک اجلاس میں کہی۔ اس دوران انہوں نے ٹیکس اصلاحات اور باضابطہ ٹیکس نیٹ ورک میں کاروباری انضمام کے بارے میں بات کی۔ اجلاس میں وفاقی وزیر رانا ثناء اللہ، وزیر مملکت علی پرویز اور چیئرمین ایف بی آر راشد لنگڑیال نے شرکت کی۔ سپریم کونسل آل پاکستان ٹریڈرز ایسوسی ایشن کے چیئرمین نعیم میر نے لاہور سے ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شرکت کی۔ اس موقع پر وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے ہول سیل اور ریٹیل شعبوں کو ٹیکس نیٹ میں لانے پر زور دیتے ہوئے کہا کہ ملک کو موثر طریقے سے چلانے کے لیے ہر ایک کو ٹیکسز میں اپنا منصفانہ حصہ ڈالنا ہوگا۔ انہوں نے یقین دلایا کہ اس عمل میں چھوٹے تاجروں کو ہر ممکن سہولت فراہم کی جائے گی۔ اجلاس کے دوران نعیم میر نے ایف بی آر کے وژن کو سراہتے ہوئے ڈیٹا اینالیٹکس اور مصنوعی ذہانت کے ذریعے ٹیکس چوری کی روک تھام کے لیے ایف بی آر کے جدید نقطہ نظر پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے کہا کہ یہ جدید حکمت عملی وزیر اعظم شہباز شریف کے ایف بی آر کے آپریشنز کو ڈیجیٹلائز کرنے کے وژن سے مطابقت رکھتی ہے جو روایتی طریقوں سے ہٹ کر ہے۔ کاروباری نمائندوں نے حکومت کے ساتھ مکمل تعاون کے عزم کا اظہار کیا اور ٹیکس نیٹ ورک کو وسعت دینے کی کوششوں کی حمایت کا وعدہ کیا۔

# کسٹمز انٹیلی جنس کی تنظیم نو، افسران کو نئی ذمہ داریاں سونپ دی گئیں

کراچی (نیوز ڈیسک) ڈائریکٹوریٹ جنرل آف انٹیلی جنس اینڈ انوسٹی گیشن کسٹمز کی تنظیم نو کے بعد سی جی او 05 جاری کر دیا گیا ہے جس کے تحت ڈائریکٹوریٹ آف کسٹمز انٹیلی جنس اینڈ انویسٹی گیشن میں تعینات افسران کی ذمہ داریاں سونپ دی گئی ہیں، سی جی او کے مطابق افسران کی ذمہ داریوں کو مختلف سیکٹرز میں تقسیم کیا گیا ہے۔ سیکٹر 1 کے لئے ذکاء اللہ پرنسپل اپریزر، توصیف احمد اپریزنگ آفیسر، الیاس گھکی اپریزنگ آفیسر، عارف قریشی اپریزنگ آفیسر کو جو ذمہ داریاں دی گئی ہیں جس میں ایچ ایس کوڈز کی غلط درجہ بندی، سامان کی مکمل تفصیل، وزن، مقدار کا غلط بیان، ویلیوایشن رولنگ کا عدم اطلاق، انڈر رویلیویشن، انڈر انوائسنگ، اوور انوائسنگ اینٹی منی لانڈرنگ سے متعلق کاموں کو انجام دینا، ڈیوٹی/ٹیکس کی چوری پر انٹیلی جنس اور ایگزامیشن کے ذریعے دیگر خلاف ورزیاں کی نشاندہی، مختلف ایس آر اوز، کسٹمز ایکٹ کے شیڈول، سیلز ٹیکس ایکٹ، اور انکم ٹیکس ایکٹ کے تحت چھوٹ بشمول پاکستان کسٹمز ٹیرف کے چیپٹر 99، کسٹم کمپیوٹرائزڈ سسٹم کو استعمال کرنا اور اس تک رسائی کے لیے یوزر آئی ڈیز کا غلط استعمال، گرین اور ییلو چینلز کے ذریعے ہونے والی درآمدات کے ڈیٹا کا تجزیہ، ریونیو بشمول ایم آئی ایس سے متعلق دیگر کسی بھی معاشی ڈیٹا کی جانچ پڑتال، آئی جی ایم ترامیم اور بلز آف لیڈنگ کی جانچ پڑتال کرنا ہے اور کراچی ایئرپورٹ سے ہونے والی درآمدات و برآمدات میں ایس آر اوز کے تحت کلیئر ہونے والے کنسائمنٹس کی جانچ پڑتال کرنا ہے۔ سیکٹر 2 کے فسران میں شامل ذکاء اللہ پرنسپل اپریزر، اسد شبیر اپریزنگ آفیسر، آصف جاوید اپریزنگ آفیسر ایچ ایس کوڈز کی غلط درجہ بندی، درآمدی سامان کی مکمل تفصیل، وزن، مقدار اور اصلیت وغیرہ کا غلط بیان۔ اینٹی منی لانڈرنگ ایکٹ، 2010 سے متعلق کاموں کو انجام دینے کے لیے ویلیوایشن رولنگ/انڈر انوائسنگ/اوور انوائسنگ کا اطلاق نہ کرنا۔ ڈیوٹی/ٹیکس کی چوری پر انٹیلی جنس اور ایگزامیشن کے ذریعے ہونے والی خلاف ورزیاں۔ مختلف رعایتی اسکیموں جیسے ای ایف ایس، ڈی ٹی آر ای کے تحت رعایتی نظام/ عارضی درآمدات، ایف ٹی اے، پی ٹی اے، ٹی پی، پی ٹی اے، ایف ٹی اے، بین الاقوامی ٹرانس شپمنٹ اور انٹر پورٹ موومنٹ کی جانچ پڑتال، امپورٹ پالیسی آرڈر کی خلاف ورزیاں، ٹرانزٹ ٹریڈ کوٹہ بشمول ای ڈی بی، آئی او سی او، کوٹہ ایکسپورٹ کنسائمنٹس میں تفصیل، وزن، مقدار، کی غلط بیانی کی جانچ پڑتال، ایکسپورٹ ڈیوٹی ڈرابیکس اور ریفنڈز کے گرین اور ییلو چینلز، ایس آر اوز کے تحت کوئی کلیئر ہونے والے کنسائمنٹس کی جانچ پڑتال شامل ہے۔ سیکٹر 3 کے افسران میں شامل ذکاء اللہ پرنسپل اپریزر، فیض احمد فیض اپریزنگ آفیسر، امجد خان اپریزنگ آفیسر کو ذمہ داریاں دی گئی ہیں جس میں ایچ ایس کوڈز کی غلط درجہ بندی، سامان کی مکمل تفصیل، وزن، مقدار کی غلط بیانی، ویلیوایشن رولنگ کا عدم اطلاق/ انڈر انوائسنگ/ اوور انوائسنگ اینٹی منی لانڈرنگ سے متعلق کاموں کو انجام دیا جائے گا، جبکہ ڈیوٹی/ٹیکس کی چوری پر انٹیلی جنس اور ایگزمیشن کے ذریعے کی جانے والی خلاف ورزیاں، مالیاتی آلات میں شامل، ای آئی ایف، ای فارم، بی جی، پی آر سیز درآمد اور برآمدی کنسائمنٹس میں آرگنائزڈ ڈیوٹی یا ٹیکس فراڈ، بانڈڈ ویئر ہاؤسز انٹلیک چوئل پراپرٹی رائٹس ویلیوایشن رولنگ کا عدم اطلاق، بعض اشیاء کی کم از کم برآمدی قیمت اور دیگر خلاف ورزیاں برآمدات میں۔ ایکسپورٹ پالیسی آرڈر کی خلاف ورزیاں، ایکسپورٹ پروسیسنگ زون ایس آر اوز کے تحت کوئی اور کام جو سینئر مینجمنٹ کے ذریعہ تفویض کیا گیا ہے، اسمگلنگ، اس کے رجحانات، طریقہ کار، فائدہ اٹھانے والوں، سہولت کاروں وغیرہ سے متعلق انٹیلی جنس معلومات اکٹھا کرنے اور جمع کرنے اور اینٹی منی لانڈرنگ کرنے کے لیے ٹرانسفر/ پوسٹنگ کا حکم فوری اثر سے دیا جاتا ہے، جبکہ ضیاء معین سپرنٹنڈنٹ، جہانزیب خان انٹیلی جنس آفیسر، خرم سعید انٹیلی جنس آفیسر، جمیل حیدر انٹیلی جنس آفیسر، محمد آصف پریونٹیو آفیسر، محفوظ کھوسو انٹیلی جنس آفیسر، حامد علی آفیسر کو کراچی ڈویژن کے تمام سول اضلاع، ٹھٹھہ، سجاول، جے آئی اے پی (حیدرآباد/سکھر)، صوبہ سندھ کے تمام علاقائی دائرہ اختیار بشمول بین الاقوامی ہوائی اڈے/ ایئربیس آر اینڈ اے کے لئے عارف قریشی اپریزنگ آفیسر، الیاس گھکی اپریزنگ آفیسر، حامد علی پریونٹیو آفیسر، آئی اینڈ پی کے لئے ضیاء معین سپرنٹنڈنٹ، محمد جمیل حیدر انٹیلی جنس آفیسر، الیاس گھکی اپریزنگ آفیسر، جہانزیب خان انٹیلی جنس آفیسر، حافظ اسد شبیر اپریزنگ آفیسر، لاء برانچ اور ایف ٹی اوز کے لئے ذکاء اللہ پرنسپل اپریزر، ضیا معین سپرنٹنڈنٹ، خالد سرور سینئر آڈیٹر، آصف جاوید اپریزنگ آفیسر، محفوظ الرحمان انٹیلی جنس آفیسر، جمیل حیدر انٹیلی جنس آفیسر، امجد خان اپریزنگ آفیسر، فیض احمد فیض اپریزنگ آفیسر، ایڈمن، اسٹیبلشمنٹ اور خفیہ برانچ کے لئے محمد ندیم سپرنٹنڈنٹ، آصف جاوید اپریزنگ آفیسر، فیض احمد فیض اپریزنگ آفیسر، جمیل حیدر انٹیلی جنس آفیسر کو تعینات کیا گیا ہے۔

## لاہور چیمبر آف کامرس کی 100 سے زائد اسٹینڈنگ کمیٹیاں تشکیل

لاہور (بزنس ڈیسک) لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری نے ملکی معیشت کے فروغ اور مختلف صنعتوں کے مسائل کے حل کے لیے ایک اہم قدم اٹھاتے ہوئے سیکٹرز کی مطابقت سے 100 سے زائد اسٹینڈنگ کمیٹیاں تشکیل دیدی ہیں۔ لاہور چیمبر کے صدر میاں ابوذر شاد' سینئر نائب صدر انجینئر خالد عثمان اور نائب صدر شاہد نذیر چوہدری کی جانب سے یہ قدم کاروبار دوست ماحول پیدا اور شعبہ جاتی مسائل حل کرنے کے لیے اٹھایا گیا ہے۔ لاہور چیمبر کے عہدیداران نے کہا کہ سٹینڈنگ کمیٹیاں خصوصی تھنک ٹینکس کے طور پر کام کریں گی اور اپنے متعلقہ شعبوں میں درپیش مسائل کی نشاندہی' مواقع کی تلاش اور جدت کو فروغ دینے پر توجہ مرکوز کریں گی۔ یہ کمیٹیاں پالیسی سفارشات کی تیاری' مسابقت میں اضافے اور معیشت کے کلیدی شعبوں میں پائیدار ترقی کو فروغ دینے میں اہم کردار ادا کریں گی۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# انکم ٹیکس فیڈرل ایکسائز اور سیلز ٹیکس افسران کے ہنگامی تبادلے

